سوال

(676)مرد کے لیے ریشم پہننا حرام ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مرد کے لیے ریشم پہننا حرام ہے۔اس وقت بازار میں کھدّر، لٹھا، ململ کے علاوہ تقریباً ہر مردانہ کپڑے کو دیکھنے یا ہاتھ سے چھونے سے ریشمی ہونے کا ہی گمان ہوتا ہے۔ (رانا محمد اقبال۔ساہیوال) (۲۷جون ۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مردانہ کسی کپڑے کا صرف ریشمی گمان ہونا کافی نہیں۔چھان بین کرلینی چاہیے۔فی الواقع ریشمی ہو تو حرام ہے ورنہ نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب اللباس:صفحہ:486

محدث فتویٰ